ثقافت: ایک تعارف

سبق نمبر	سبق کا عنوان	مہارتیں	سرگرمی
1	ثقافت: ایک تعافت	• ثقافت کے تصور اور مفہوم سے واقفیت • ثقافت اور تہذیب کے درمیان تعلق قائم کرنا • ثقافت اور ورثہ کے درمیان رابطہ قائم کرنا • انسانی زندگی میں ثقافت کے رول اور اس کے اثر کے بارے میں تبادلۂ خیال	اپنے استا کے ساتھ بات چیت کے ذریعہ سبق کو سمجھنا اس کے علاوہ والدین ،دوستوں اور خاندان اور پڑوس کے بڑے بوڑھوں سے اس بارے میں صلاح مشورہ کرنا۔

تعارف

ثقافت اس طریقہ کی تجسیم ہے جس میں ہم غور وفکر کرتے مختلف چیزوں اور کاموں کو انجام دیتے ہیں یہ وہ چیزیں بھی ہیں جو ہمیں سماج کے ممبر کی حیثیت سے ورثے میں ملتی ہیں۔ سماجی گروپوں کے ممبروں کی حیثیت سے نوع انسان کی تمام کامیابیوں کو ثقافت کہا جا سکتا ہے۔ آرٹ موسیقی، فن تعمیر، مجسمہ سازی، فلسفہ، مذہب اور سائنس کو ثقافت کے پہلوؤں کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔ تاہم ثقافت میں رسوم ورواج، روایات، تہوار، طریقۂ زندگی اور زندگی کے مختلف مسائل کے بارے میں لوگوں کا نظریہ بھی شامل ہے۔

خصوصیات

- یہ ایک جگہ سے دوسری جگہ اور ایک ملک سے دوسرے ملک میں مختلف ہوتی ہے۔
- یہ ایک نسل سے دوسری نسل کو منتقل ہوتی ہے۔
- یہ ایک طریقۂ زندگی ہے

ثقافت بمقابلہ تہذیب: اختلافات

- ذہن وقلب کی شستگی ثقافت ہے۔
- سماجی اور سیاسی طور پر زندگی گذارنے کے بہتر طریقے اور فطرات کا بہتر استعمال تہذیب ہے۔

انسانی ساختہ ماحول

- **مادی:** مادی چیزوں سے متعلق
- **غیر مادی:** تاثر، تصورات، عقائد، مذاہب اور سماجی رسوم ورواج سے متعلق

ثقافتی ورچہ

- وہ ثقافت جو ہمیں اپنے پیش روؤں سے ورثہ میں ملتی ہے
- یہ تبدیل نہیں ہوتا، ہمیں اس پر فخر ہوتا ہے، یہ ہمارے لیے ایک سرمایہ ہوتا ہے، ہم اس کا تحفظ کرتے ہیں۔

خصوصیات

- یہ حرکی ہوتی ہے
- یہ مناسب رویوں کے نمونے کی ترتیب فراہم کرتی ہے۔
- یہ گونا گوں ہوتی ہے۔
- یہ تصوراتی ہوتی ہے۔
- یہ عالمانہ اور اکتسابی ہوتی ہے۔
- اس میں نئی چیزیں افکار و خیالات اور عقائد کو شامل کیا جاسکتا ہے۔
- یہ تبدیل ہوسکتی اور پیش رفت کرسکتی ہے

خصوصیات کی اہمیت انسانی زندگی میں ثقافت

- یہ ہم کو انسان بناتی ہے
- یہ مذہبی شناخت کو اہمیت دیتی ہے اور بین مذہب تعلق کو فروغ دیتی ہے۔
- ثقافت، زندگی کے ساتھ قریبی طور پر جڑی ہوئی ہوتی ہے۔ یہ کوئی اضافی آرائش نہیں ہے جسے ہم انسان ہونے کے ناطے استعمال کرسکیں۔ یہ محض نمائش کی چیز نہیں ہے۔ یہ وہ چیز ہے جو ہمیں انسان بناتی ہے۔ ثقافت روایات، عقائد، انتہائی روحانی سے انتہائی مادی طریقہ زندگی سے وجود میں آتی ہے۔ یہ ہماری زندگیوں کو معنی و مفہوم دیتی ہے۔ زندگی گزارنے کے طریقے فراہم کرتی ہے۔ انسانی ثقافت کے خالق ہیں اور دوسری طرف ثقافت ہمیں انسان بناتی ہے۔

سچائی کی ابدی اور ہمہ گیر قدریں، خوبصورتی اور بھلائی کی ثقافت کے ساتھ گہرائی سے جڑی ہوئی ہیں۔ یہ ثقافت ہی جو فلسفہ اور مذہب کے ذریعہ سچائی کو قریب تر لاتی ہے۔ فنون کے ذریعہ ہماری زندگی میں خوبصورتی پیدا کرتی ہے اور دوسرے انسانوں سے قریب لانے کے ذریعہ ہمیں جمالیات پسند انسان بناتی ہیں اور پیار، تحمل اور امن کی قدریں سکھاتی ہے۔

نمایاں نکات کیا ہیں

- رویے میں ضبط خود
- دوسروں کے احساسات کا لحاظ
- دوسروں کے حقوق کا لحاظ

تعلق

پراکرتی: بنیادی معاملہ یا حالت

سنسکرتی: سدھری ہوئی پراکرتی (معاملہ یا حالت)

وکرتی: شکستہ یا مسخ پراکرتی

ثقافت: سنسکرتی سے مراد ہے مہذب اور باذوق

ثقافت بہ مقابلہ تہذیب: یکسانیت

- ثقافت یہ ہے کہ ہم کیا ہیں اور تہذیب وہ ہے جو کچھ ہمارے پاس ہے اور دونوں کا استعمال تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ لیکن تہذیب، ثقافت کی ترقی یافتہ شکل ہے۔
- ''ثقافت'' اور ''تہذیب'' کے الفاظ کو اکثر ہم معنی لفظ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ تاہم ان کے متعین معنی کے لحاظ سے ان میں فرق ہے۔ ''تہذیب کے معنی ہیں زندگی کے بہتر طریقے اپنانا اور بعض اوقات اپنی ضروریات کی تکمیل کے لیے اپنی فطرت میں تبدیلی پیدا کرنا۔ اس میں سیاسی طور پر مربوط گروپوں کو ساجوں میں منظم کرنا بھی شامل ہے جو غذا، لباس، ترسیل وغیرہ کے معاملات میں زندگی کے حالات کو بہتر بنانے کے لیے اجتماعی طور پر کام کریں۔ چنانچہ بعض گروپ اپنے آپ کو مہذب گردانتے ہیں اور دوسروں کو کم تر سمجھتے ہیں۔ بعض گروپوں کا یہ میلان جنگوں اور قتل عام کا بھی باعث بن چکا ہے، جس کے نتیجے میں نوع انسان کو بڑے پیانے پر ہلاکت و تباہی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔
- دوسری طرف ''ثقافت'' سے مراد وجود باطن، یعنی ذہن و قلب کی پاکیزگی ہے۔ اس میں فنون، علوم، موسیقی اور رقص اور انسانی زندگی کی اعلیٰ تر جستجو شامل ہے جس کی زمرہ بندی ثقافتی، سرگرمیوں کے طور پر بھی کی جاتی ہے۔ کوئی فرد اگر غریب ہو اور سستے کپڑے پہنے ہوئے تو اس کو ''غیر مہذب'' سمجھا جاسکتا ہے لیکن پھر بھی وہ انتہائی شائستہ ہوسکتا ہے۔ اور کوئی فرد زبردست دولت کا مالک ہو تو اس کو ''مہذب''، سمجھا جاسکتا ہے لیکن وہ شائد شائستہ نہ ہو۔

اپنا تجزیہ کریں:

سوال: آپ ثقافت کے تصور کی وضاحت کس طرح کریں گے؟
سوال: ثقافت اور تہذیب ہم معنی کس طرح ہیں؟
سوال: ثقافتی ورثہ کیا ہے؟
سوال: ثقافت کی عام خصوصیات کیا ہیں؟